# نعتؐ

ہے طلوعِ مہر کا روشن سماں
ہر طرف فطرت کی ہیں گلکاریاں

ہوگئی تاریکیوں سے دست کش
ظلمتِ شب کا نہیں نام و نشاں

دیکھ کر حسنِ تجلّی دفعتاً
آئینہ کی بڑھ گئیں حیرانیاں

رقص کرتی آئی ہے بادِ بہار
جشن کا ہے صحنِ گلشن میں سماں

شبنمی قطروں سے ہوکر باوضو
غنچہ و شاخ و ثمر تسبیح خواں

ہوگئے عریاں گلوں کے پیرہن
لیتے ہیں سرو و سمن انگڑائیاں

بج رہے ہیں آبشاروں کے رباب
گنگناتی بہہ رہی ہیں ندیاں

چوکڑی بھرتے ہیں آہو دشت میں
بلبلیں ہیں بے خودی میں نغمہ خواں

دیدنی ہے جلوہ روئے سحر
حمدِ باری کر رہی ہیں قمریاں

ہیں خیاباں در خیاباں نکہتیں
رشکِ فردوسِ بریں ہیں وادیاں

ارتقا کے دوش پر ہے زندگی
آتی ہے ہر دم صدائے کن فکاں

حورِیانِ خلد پڑھتی ہیں سلام
شاخِ طوبیٰ کرتی ہے گل پاشیاں

آسمانوں کے دریچے کھل گئے
آرہی ہیں قدسیوں کی ٹولیاں

مسجدِ اقصیٰ جمالِ دلفروز
اوج پر کعبے کی ہیں ... تابانیاں

مرکزِ تقدیس ہے غارِ حرا
ثور میں ہے نورِ باری کا سماں

صحنِ کعبہ میں فرو کش جبرئیلؑ
ربِ سلّم دم بہ دم وردِ زباں

شرک سہما، کفر لرزاں دم بخود
رک گئیں باطل کی فتنہ خیزیاں

ڈھونڈتا ہے ظلم بھی راہِ فرار
جبر کو ملتی نہیں جائے اماں

عقل اِن نیرنگیوں کو دیکھ کر
ہے تجسس در تجسس بے گماں

عشق ہے وابستۂ ناز و نیاز
اس کے مسلک میں کہاں ہے این و آں

طائرِ تخئیل اتنا تو بتا؟
یک بیک کیسی ہیں یہ تبدیلیاں

کس کی آمد پر یہ جشنِ انقلاب
کس کی آمد سے ہیں لرزاں آندھیاں

اے دلِ مشتاق! پہلے پڑھ سلام
تاکہ گوہر بار ہو درجِ دہاں